This question paper contains 3 printed pages. Your Roll No..................

7847 A

CERTIFICATE

URDU – Paper II

Time : 3 hours Maximum Marks :100

(Write your Roll No. on the top of immediately on receipt of this question paper).

سبھی سوالوں کے جواب لکھیے۔

۱۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عبارت کی تشریح کیجیے۔ ۲۰

(الف)

اگر آپ نے یہاں ہر حال میں خوش رہنے کا ہنر سیکھا لیا ہے تو یقین کیجیے کہ زندگی کا سب بڑا کام سیکھ لیا۔ اب اس کے بعد اس سوال کی گنجائش ہی نہیں رہی کہ آپ نے اور کیا کیا سیکھا۔ خود بھی خوش رہیے اور دوسروں سے کہتے رہیے کہ اپنے چہروں کو غمگین نہ بنائیں۔

(ب)

یہ سُن کر وہ لڑکا پلنگ پر سے کود پڑا اور نہایت خوشی سے پکارا: اوہ یہی میری زندگی کا پہلا دن ہے۔ میں کبھی اس بڈھے کی طرح نہ

پچھتاؤں گا اور ضرور اس دلہن کو بیاہ لوں گا جس نے ایسا خوب صورت اپنا چہرہ مجھ کو دکھایا اور ہمیشہ زندہ رہنے والی نیکی اپنا نام بتایا۔ او خدا! او خدا تو میری مدد کر۔ آمین۔

۲۔ مندرجہ ذیل میں سے صرف پانچ اشعار کی تشریح کیجیے۔ ۲۰

بے آسوں کی آس تو ہی ہے — جاگتے سوتے پاس تو ہی ہے

مذہب نہیں سکھاتا آپس میں بیر رکھنا — ہندی ہیں ہم، وطن ہے ہندوستان ہمارا

دلِ ناداں تجھے ہوا کیا ہے — آخر اس درد کی دوا کیا ہے

فقیرانہ آئے صدا کر چلے — میاں خوش رہو ہم دعا کر چلے

کبھی ہم میں تم میں چاہ تھی کبھی ہم سے تم سے بھی راہ تھی
کبھی ہم بھی تم بھی تھے آشنا تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

اُلٹی ہوگئیں سب تدبیریں کچھ نہ دوا نے کام کیا
دیکھا اس بیماریٔ دل نے آخر کام تمام کیا

پہنچ چکا ہے سر زخم دل تلک یارو
کوئی سیو کوئی مرہم رکھو ہوا سو ہوا

نہ گل کھلے ہیں، نہ اُن سے ملے نہ مے پی ہے
عجیب رنگ میں اب کے بہار گزری ہے

یہ آنا کوئی آنا ہے کہ بس رسماً چلے آئے
یہ ملنا خاک ملنا ہے کہ دل سے دل نہیں ملتا

سر میں سودا بھی نہیں دل میں تمنا بھی نہیں
لیکن اس ترکِ محبت کا بھروسہ بھی نہیں

۳۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے۔ ۱۵

(الف) آدمی نامہ (ب) پرندے کی فریاد

(ج) مرغِ اسیر کی نصیحت (د) ایک باپ

(ہ) انتظار

۴۔ مندرجہ ذیل میں سے صرف تین کی تعریف لکھیے اور مثالیں بھی دیجیے۔ ۱۵

(الف) غزل (ب) مصرع (ج) قافیہ

(د) وزن (ہ) شعر (و) رباعی

(ز) مثنوی

۵۔ مندرجہ ذیل میں سے صرف پانچ الفاظ کے معنی لکھیے اور جملوں میں استعمال کیجیے۔ ۱۵

ترانہ، گلستاں، غربت، ہمسایہ، سنتری،

پاسباں، رشک، مذہب، وطن، فسانہ،

ماتم، جام، مشتاق، درویش، ماجرا۔

۴۔ اردو زبان کی پیدائش کے بارے میں دس جملے لکھیے۔ ۱۵